SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
September 8, 2016

ایس ای سی پی نے چھ بین الاقوامی زبانوں میں پروموٹرز گائیڈز جاری کردی

اسلام آباد،۸ ستمبر: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے چھ بین الاقوامی زبانوں انگریزی، چینی، ترکی، عربی، جرمن اور فارسی میں پروموٹرز گائیڈز جاری کردی ہے۔ یہ امر ملک میں بیرونی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرے گا اور اسے آسان بنائے گا۔ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر موجود پروموٹرز گائیڈز پاکستان میں کمپنی کی تشکیل، فیس کے ڈھانچے، آن لائن رجسٹریشن کے لئے موجود سہولیات اور تشکیل کے بعد ممکنہ بیرونی سرمایہ کاروں کے لئے ان کی مادری زبان میں قانونی تعمیل کی جامع معلومات فراہم کرتی ہے۔

پاکستان سرمایہ کاری کے بے پناہ مواقع فراہم کرتا ہے اور بیرونی سرمایہ کار بھی سی پیک (CPEC) اور گوادر کی بندرگاہ جیسے منصوبوں کے فوائد حاصل کرنے کے لئے بے تاب ہیں۔ایس ای سی پی کے چیئرمین ظفر حجازی نے کہا ہے کہ ”یہ گائیڈ بکس ان سرمایہ کاروں کے لئے کمپنی کی تشکیل کے طریقے کو سمجھنے میں بہت فائدے مند ہو گی جو پاکستان میں سرمایہ کاری کرنے کے خواہاں ہیں“۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کا انضباطی ماحول پوری دنیا کے سرمایہ کاروں کے لئے انتہائی پرکشش ہے۔ پروموٹرز گائیڈز کے ساتھ ساتھ،ایس ای سی پی مسلسل کارپوریٹائزیشن،ای سروسز، مینڈیٹری آن لائن فائلنگ اور کارپوریٹ کمپلائنس کے فوائد پر ملک بھر میں ایوان صنعت و تجارت، ٹیکس بار ایسوسی ایشنز اور دیگر متعلقہ اداروں کے تعاون سے آگہی سیمینار اور ورک شاپس منعقد کراتا رہتا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254